پیغام



جناب الطاف حسین

قائدِ تحریک

متحدہ قومی موومنٹ

مجھے یہ جان کر بے حد خوشی ہوئی کہ گورنر سندھ اور کے ایم سی نے کراچی کے شہریوں کو ''رائزنگ کراچی'' کی منفرد موبائل فون سروس کی صورت میں شاندار تحفہ دیا ہے۔ اب کراچی میں رہنے والوں کی زندگی قدرے بہتر اور آسان ہوجائے گی۔ خواہ صحت یا تعلیم ہو، شاپنگ یا کاروبار، ہنگامی حالات ہوں یا زندگی کا تفریحی پہلو، ''رائزنگ کراچی'' تمام معلومات اور مدد کے لیے آپ کا دست راست اور قریبی دوست ہوگا۔ ''ایک کال کی دوری پر'' کا محاورہ اَب محض افسانہ نہیں رہا، یہ آج کی سہل زندگی کی حقیقت ہے اور حیران کن طور پر یہ حقیقت ''رائزنگ کراچی'' ہے جہاں آپ کو ایک کال کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ بس اپنے موبائل فون پر متعلقہ ''Icon'' کو کلک کریں اور وہ ساری معلومات جو آپ جاننا چاہتے ہیں آپ کے سامنے لاکر رکھ دی جاتی ہیں۔ میں کراچی کے لوگوں کو مبارکباد دیتا ہوں اور اُمید کرتا ہوں کہ آپ اپنے موبائل فونز کے ذریعے ''رائزنگ کراچی'' کی اس مفت سروس کا بہترین استعمال کریں گے۔

خوشی ہوئی جب مجھے یہ بتایا گیا کہ ''رائزنگ کراچی'' فراہم کردہ معلومات کی یک طرفہ ذخیرہ گاہ نہیں ہے بلکہ یہ شہریوں کو الرٹس اور پیغامات کے ذریعے اُن کے مسائل کے حل کے لیے دوطرفہ رسائی فراہم کرتی ہے۔ یہ کراچی کے شہریوں کو اپنے اردگرد وقوع پذیر واقعات کا سرگرم حصہ بنادیتی ہے۔ ''رائزنگ کراچی'' شہریوں کے لیے ایک خوبصورت اور مفت تحفہ ہے جو شہر کے بارے میں اُن کے تقریباً تمام سوالات کا جواب دیتا ہے۔

''رائزنگ کراچی'' صحت، تعلیم، ٹریفک کے انتظام، ترقیاتی پروجیکٹس، ایمرجنسی، شہریوں کے لیے آگہی اور حفاظتی مہمات جیسے کہ اینٹی ڈینگی بخار مہم، اسپرے اور فیومیگیشن، بسیں اور سفری معلومات، بینکس اور اے ٹی ایم لوکیشنز سے متعلق تمام موجودہ سہولتوں اور خدمات کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ رائزنگ کراچی کے تحت کراچی شہر میں سماجی، معاشی اور ثقافتی زندگی کے اِن تمام پہلوؤں پر معلومات اب استعمال کنندگان کو براہ راست اُن کے موبائل فون پر بذریعہ ایس ایم ایس ارسال کی جائیں گی۔ اس طرح ''رائزنگ کراچی'' شہر کے کئی

سماجی، کاروباری اور ترقیاتی ایونٹس کے بارے میں
اطلاعات اپنے لوگوں تک پہنچاتا رہے گا اور کراچی کے باسیوں کو ثقافتی و سماجی
لحاظ سے باخبر رکھے گا۔

یہ یقیناً ہمارے لوگوں کی حقیقی خدمت ہے کہ ''رائزنگ کراچی'' پروگرام اُن کی زندگیوں کا حصہ بننے جارہا ہے جو اُنہیں بلا معاوضہ اطلاعات و معلومات فراہم کرے گا۔ کراچی، پاکستان کا دل ہے اور معاشی و ثقافتی سرگرمیوں کا محور بھی۔ یہ اپنے خوش باش اور باشعور شہریوں کی زندگیوں میں ہمیشہ ایک نئے آغاز کی نوید بنا رہا ہے۔ آج ایک بار پھر ''رائزنگ کراچی'' کے ذریعے ایک نئے باب کا آغاز ہونے جارہا ہے، جو انسان کے دو بنیادی حقوق پر مرکوز ہے یعنی معلومات اور علم تک مفت رسائی کے حقوق۔ ''رائزنگ کراچی'' نے کراچی اور اس کے لوگوں کو دنیا کے دیگر میٹروپولیٹن شہروں کے شانہ بشانہ لا کھڑا کیا ہے۔

کراچی اپنے مقامی قائدین اور اُن کی ترقیاتی ٹیموں کے رات دن کام کی وجہ سے وسعت اور ترقی حاصل کررہا ہے۔ وہ کراچی کے لوگوں کی خدمت کیلئے ہمہ تن مصروف عمل ہیں۔ کراچی میں تعمیر ہونے والے فلائی اوورز، انڈر پاسز اور برجز اس کی اقتصادی اور انفرااسٹرکچرل توسیع کا بین ثبوت ہیں۔ یہ بات قابل ستائش ہے کہ مقامی قیادت نے لوگوں کی تکالیف کا ادراک کرتے ہوئے انہیں انفارمیشن شیئرنگ کے جدید ٹولز کے ذریعے معلومات کے بہاؤ میں شامل کیا ہے۔ ''رائزنگ کراچی'' کا افتتاح ایک بروقت اور مناسب قدم ہے تاکہ لوگوں کے ساتھ دورویہ رابطے کے ذریعے معلومات کا تبادلہ کیا جاسکے۔

میں ایک مرتبہ پھر کراچی کے لوگوں اور اُن کی مقامی قیادت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے شہریوں کے مفاد میں ''رائزنگ کراچی'' پروگرام کو تخلیق کیا ہے۔

(الطاف حسین)
قائد تحریک
متحدہ قومی موومنٹ